ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

**JUL-2010**

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**UQAB 04-JULY-2010**

## ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاکہ سرائے کے اہتمام سے

# مزید چار سادہ شادیاں انجام دی گئی

سرینگر: ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاکہ سرائے کی طرف سے اس ہفتے شہر سرینگر میں مزید چار سادہ شادیاں انجام دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق یکم جولائی 2010 جمعرات کو شکور کالونی آرم پورہ قمرواری سرینگر میں نماز عصر کے بعد ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا۔ جس میں لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے شرکت کی۔ نکاح مجلس میں مفتی الطاف صاحب برتھنہ نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری معاشرے میں بے راہ روی بہت زیادہ پھیل گئی ہے اور بے حیائی کے شرمناک واقعات پیش آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں انجام دینے میں ہرگز ہرگز دیر نہ کریں۔ اور نوجوانوں کی شادیاں جلد از جلد تب ہی انجام دی جاسکتی ہیں جب شادیاں نہایت ہی سادگی سے انجام دی جائیں گی، اُن سے پہلے پارم پورہ کے مولوی بشارت صاحب نے بھی اس نکاح مجلس میں سنت کیمطابق نکاح کرنے کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ایجاب وقبول کرانے کے دوران ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی چیرمین محترم فیاض احمد زرو صاحب نے کہا کہ اب بہت سارے والدین اور نوجوان شریعت کیمطابق سادہ شادیاں انجام دینے کے لئے ہمسفر دفتر میں رجسٹریشن کرانے کے لئے آرہے ہیں۔ اور اس قسم کے اصلاحی میدان میں بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں بُری رسومات، جہیز اور دکھاوے کے لئے روپے جمع کرنے کے انتظار میں ملتوی رکھی گئی ہیں۔ اُن کو قسم قسم کی بیماریوں اور ٹینشن نے گھیر لیا ہے۔ اس مجلس میں باغ نند سنگھ چھتہ بل کے محمد اقبال آہنگر صاحب کا نکاح شکور کالونی آرم پورہ قمرواری کی محترمہ تسلیمہ صوفی صاحبہ کے ساتھ نقد مہر کی ادائیگی پر پڑھا گیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کی گئی۔ بعد میں دولہا، جو سادہ اور نفیس لباس اور نماز کی ٹوپی میں ملبوس تھا۔ پانچ افراد کے ساتھ دُلہن کے گھر گیا جہاں پر اُن کا استقبال گھر کے لوگوں کے علاوہ شیخ بشارت، بشیر احمد صوفی، اور غلام محمد ڈیرہ نے کیا۔ وہاں پر اُن کی خاطر تواضع سادہ قہوہ اور کلچہ کے ساتھ کی گئی۔ اسکے فوراً بعد دُلہن شرعی طور پردے میں اپنے دُلہا کے ساتھ سسرال روانہ ہوگئی۔ اس نہایت ہی سادہ شادی کو دیکھنے کے لئے علاقے کے لوگ جمع ہوگئے تھے۔ اور دُلہن کو پڑوسیوں نے مسجد میں مجلس نکاح میں شرکت کرنے کے لئے جانے والے لوگوں کو گلی کوچہ میں گلاب جامن کی مٹھائی کھلائی۔ اور ان پر بادام نچھاور کیے۔ اسکے علاوہ اسی ہفتے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے مزید تین سادہ شادیاں انجام دی گئیں۔ ان میں سے پہلی شادی محمد سلیم نروری وانی یار کی اہلیہ نصرت جان بٹ بڈو محلہ چھانہ محلہ کے ساتھ، دوسری شادی اشفاق احمد وانی چھانہ پورہ کی محترمہ آسیہ خان بمنہ کے ساتھ اور تیسری شادی نذیر احمد خان لعل بازار کی محترمہ تالیہ بشیر کے ساتھ انجام دی گئی

UQAB (04-07-2010).

**SRINAGAR TIMES 05-JULY-2010**

Srinagar Times {05-07-2010}

2

# مسجد ابوبکر قمرواری میں نکاح مجلس کا انعقاد

## ہمسفر کی طرف سے سادہ شادیاں انجام دینے کا کام جاری

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے اس ہفتے شہر سرینگر میں مزید چار سادہ شادیاں انجام دی گئیں ۔ تفصیلات کے مطابق یکم جولائی 2010 جمعرات کو شکورہ کالونی آرم پورہ قمرواری سرینگر میں نماز عصر کے بعد ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا۔ جس میں لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے شرکت کی ۔ نکاح مجلس میں مفتی الطاف صاحب برتھنہ نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری معاشرے میں بے راہ روی بہت زیادہ پھیل گئی ہے اور بے حیائی کے شرمناک واقعات پیش آرہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں انجام دینے میں ہرگز ہرگز دیر نہ کریں، اور نوجوانوں کی شادیاں جلد از جلد تب ہی انجام دی جاسکتی ہیں جب شادیاں نہایت ہی سادگی کے ساتھ انجام دی جائیں گی۔ ان سے پہلے پارمپورہ کے مولوی بشارت صاحب نے بھی اس نکاح مجلس میں سنت کے مطابق نکاح کرنے کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ایجاب وقبول کرانے کے دوران ہمسفر دفتر میں رجسٹریشن کرانے کیلئے آرہے ہیں اور اس قسم کے اصلاحی میدان میں بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں بری رسومات، جہیز اور دکھاوا کے لے روپے جمع کرنے کے انتظار میں ملتوی رکھی گئی ہیں ان کو قسم قسم کی بیماریوں اور ٹینشن نے گھیرلیا ہے۔ اس مجلس میں باغ نند سنگھ چھتہ بل کے محمد اقبال آہنگر کا نکاح شکور کالونی آرم پورہ قمرواری کی محترمہ تسلیمہ صوفی کے ساتھ نقد مہر کی ادائیگی پر پڑھا گیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کی گئی بعد میں دولہا، جو سادہ اور نفیس لباس اور نماز کی ٹوپی میں ملبوس تھا پانچ افراد کے ساتھ دلہن کے گھر گیا جہاں پر ان کا استقبال گھر کے لوگوں کے علاوہ شیخ بشارت، بشیر احمد صوفی، غلام محمد ژیرہ نے کیا۔ اس کے علاوہ اسی ہفتے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے مزید تین سادہ شادیاں انجام دی گئیں۔ ان میں سے پہلی شادی محمد سلیم نزوری وانی یار کی محترمہ نصرت جان بٹ بڈو محلہ چھانہ محلہ کے ساتھ دوسری شادی اشفاق احمد وانی چھانہ پورہ کی محترمہ آسیہ خان بمنہ کے ساتھ اور تیسری شادی نذیر احمد خان لعل بازار کی محترمہ تالیہ بشیر کے ساتھ انجام دی گئی۔

**AFTAB 05-JULY-2010**

# والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیوں میں دیر نہ کریں

## ہمسفر کی طرف سے سادہ شادیاں انجام دینے کا کام جاری

سرینگر/ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے اس ہفتے شہر سرینگر میں مزید چار سادہ شادیاں انجام دی گئیں، تفصیلات کے مطابق یکم جولائی 2010ء جمعرات کو شکور کالونی آرم پورہ قمرواری سرینگر میں نماز عصر کے بعد ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا نکاح مجلس میں مفتی الطاف صاحب برتھنہ نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں انجام دینے میں ہرگز دیر نہ کریں، پارم پورہ کے مولوی بشارت نے بھی اس نکاح مجلس میں سنت کے مطابق نکاح کرنے کی اہمیت پر گفتگو کی، ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین فیاض احمد زرو نے کہا کہ اب بہت سارے والدین اور نوجوان شریعت کے مطابق سادہ شادیاں انجام دینے کیلئے ہمسفر دفتر میں رجسٹریشن کرانے کیلئے آرہے ہیں، اس مجلس میں باغ نند سنگھ چھتہ کے جناب محمد اقبال آہنگر کا نکاح شکور کالونی آرم پورہ قمرواری کی محترمہ تسلیمہ صوفی صاحبہ کے ساتھ نقد مہر کی ادائیگی پر پڑھا گیا، حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کی گئی، بعد میں دولہا، جو سادہ اور نفیس لباس اور نماز کی ٹوپی میں ملبوس تھا، پانچ افراد کے ساتھ دلہن کے گھر گیا، اس کے علاوہ اسی ہفتے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے مزید تین سادہ شادیاں انجام دی گئیں، ان میں سے پہلی شادی جناب محمد سلیم زروری وانی یار کی محترمہ نصرت جان بٹ بڈو محلّہ چھانہ محلہ کے ساتھ، دوسری شادی جناب اشفاق احمد وانی چھانہ پورہ کی محترمہ آسیہ خان بمنہ کے ساتھ اور تیسری شادی نذیر احمد خان لعل بازار کی محترمہ تالیہ بشیر کے ساتھ انجام دی گئی۔

**KASHMIR UZMA 05-JULY-2010**

# شادیوں کی سادہ تقاریب انجام

سرینگر//ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے جاری کیے گئے ایک بیان کے مطابق رواں ہفتے سرینگر شہر میں چار سادہ شادیاں انجام دی گئیں۔ جن لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بیان کے مطابق ایک نکاح مجلس سے خطاب کرتے ہوئے مفتی الطاف احمد نے کہا کہ کشمیری معاشرے میں بے راروی بہت زیادہ پھیل گئی ہے اور بے حیائی کے شرمناک واقعات پیش آرہے ہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کی نکاح او شادیاں انجام دینے میں دیری نہ کریں اور نوجوانوں کی شادیاں تب ہی جلد انجام دی جاسکتی ہیں جب شادیاں نہایت ہی سادگی کے ساتھ انجام دی جایت۔ بیان کے مطابق محمد سلیم نروری کی شادی نصرت جان، اشفاق احمد وانی کی شادی آسیہ خان، اقبال احمد آہنگر کا نکاح تسلیمہ صوفی اور نذیر احمد خان کی شادی تالیہ بشیر کے ساتھ انجام دی گئی۔